قیمت: ۳۰۰ روپے، ۲۵۴ صفحات

جناب منفر عارفی صاحب نوجوان شاعر ہیں، ۲۰۱۳ء میں آپ کے ساتھ سفر سعادت یعنی عمرہ کا موقع ملا، اور ایک ساتھ ٹھہرنے کے خوش گوار لمحات بھی جہاں بہت سے احباب کے بدلتے روئے دیکھیے وہیں اللہ سے تعلق کی تجدید کا موقع میسر آیا، اسی سفر میں آپ کی صلاحیتوں سے مختصر شناسائی میسر آئی، واپسی کے بعد سے ان ملاقاتوں کی تجدید کے لئے متعدد مرتبہ میں نے فون کئے اور کانفرنسوں میں مدعو بھی کیا مگر شاید موصوف مصروفیات روزگار کے سبب دیگر امور میں شرکت سے گریزاں ہیں۔

۲۰۰۸ء میں پہلا مجموعہ کلام ''گرادب'' ۲۰۰۹ء میں پہلا نعتیہ مجموعہ اللہ کی سنت ۲۰۱۰ء میں افسانوں کا مجموعہ ''تم میری منزل نہیں'' ۲۰۱۱ء میں مجموعہ ''حمد کمال سخن'' اور مجموعہ ''نعت روح ایمان'' اور مجموعہ ''نظم فانوس'' شائع ہوا، ۲۰۱۳ء میں مندرجہ بالا مجموعہ کلام شائع ہوا ہے۔ آپ کے متعدد مجموعہائے کلام پر وفاقی وزارت مذہبی امور کی جانب سے سیرت النبی ﷺ ایوارڈ دیا گیا ہے۔ مذکورہ مجموعہ سے چند اشعار قارئین کے ملاحظہ کے لئے پیش خدمت ہیں۔

میں جیسے جیسے توڑا جا رہا ہوں ... نئے عنوان سے کھلتا جا رہا ہوں

•

جن سے زندہ تھے آئینوں میں ہم ... ایسے چہرے گنوا دئے ہم نے

اب گنوانے کو رہ گیا ہے کیا ... جب اجالے گنوا دیئے ہم نے

سفر سخن کا ہے درپیش اور ہم منظرؔ ... ابھی تو گھر سے نکل کر گلی تک آئے ہیں

مناسب ہوگا گلی سے نکل کر شاہراہ نبوت پر آجائیں جو آپ کے فن کو زندہ جاوید بنا دے، جو آپ کے ہر فکر و عمل کو عبادت بنا دے، میری تجویز ہے، درج ذیل موضوعات کو خصوصی موضوع بنا کر کام کیا جائے، اس کی سخت ضرورت ہے:

- بچوں کے حوالہ سے تعلیمات نبوی ﷺ کو منظوم کیا جائے۔
- خواتین کے حوالہ سے تعلیمات نبوی ﷺ کو منظوم کیا جائے۔
- غیر مسلموں کے حوالہ سے تعلیمات نبوی ﷺ کو منظوم کیا جائے۔
- خدمت خلق کے حوالہ سے تعلیمات نبوی ﷺ کو منظوم کیا جائے۔

کتاب کا نام: کھیل

مصنف: شاہد مسعود

ناشر: ۱۳؍۷ / شاہ فیصل کالونی بلاک نمبر ۳، کراچی

قیمت: درج نہیں، ۲۲۴ صفحات

شاہد مسعود صاحب نے کھیلوں کی تاریخ اور قواعد وضوابط پر مختصر و جامع کتاب لکھی ہے، جن کھیلوں کا ذکر ہے ان میں باسکٹ بال، ہاکی، ٹیبل ٹینس، والی بال، بیڈمنٹن، ٹینس، تھرو بال، فٹ بال، کرکٹ وغیرہ، دلچسپ بات یہ ہے کہ تمام کھیل امریکہ، برطانیہ، فرانس وغیرہ کے ہیں، کوئی ایشیائی کھیل نہیں ہے، لیکن یہی کھیل کالجوں میں بھی رائج ہیں، ہٹلر کے بارے میں لکھا ہے کہ پانچ روز جوش وخروش کے ساتھ کرکٹ ٹیسٹ میچ ہوتا رہا، ہٹلر نے نتیجہ پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ برابر رہا، اس نے اسے فضول کھیل سمجھتے ہوئے پوری ٹیم کو مروادیا تھا۔ اس میں پاکستان میں مروجہ دیسی اور سستے کھیلوں کا بھی اضافہ ہونا چاہیے، یہ کتاب اس قابل ہے کہ ہر کالج کی لائبریری کی زینت بنے۔

کتاب کا نام: اتباع اور اس کے فضائل

مصنف: مولانا محمد تقی عثمانی: تخریج وترتیب: مولانا حسان محمود سبحانی

ناشر: میمن اسلامک بکس دکان نمبر ۲۹، نایاب جامع مسجد لیاقت آباد کراچی

قیمت: درج نہیں، ۲۴۰ صفحات

اس کے مرتب مولانا حسان محمود سبحانی ہیں، مولانا تقی عثمانی صاحب نے جب اس کو مرتب نہیں کیا تو بحیثیت مصنف ان کا نام لکھنا مناسب نہیں، تخریج کا اسلوب بھی عجیب ہے، پرنور دعاؤں کی کتاب کے حوالہ سے بخاری کی حدیث نقل کی ہے، یہ اصول تحقیق وتخریج کے سراسر خلاف ہے، میں اس کا ذکر اس لئے کر رہا ہوں کہ موصوف شعبہ تصنیف وتالیف سے وابستہ ہیں، یہ بڑی کوتاہیاں ہیں، کچھ جگہوں پر تخریج بھی نہیں ہے، کتاب میں وضو، نماز، دعائیں اور بسم اللہ کی فضیلتیں اور طریقہ کار کی نشاندہی کی گئی ہے۔عوام کی اصلاح و تربیت کی اچھی کوشش ہے۔

مجلہ کا نام: سہ ماہی ''انشاء'' شمارہ نمبر ۷۹۔۸۰ جولائی تا دسمبر ۲۰۱۳ء

مدیر: صفدر علی خاں

ناشر: ۲۲۱۔A ارم ایونیو فیرون سیکٹر 15A/2 بفرزون نارتھ کراچی

قیمت: ۱۰۰ روپے، ۱۶۰ صفحات

آج کے دور میں کتب ومجلات کی جگہ انٹرنیٹ نے لے لی ہے، لیکن بہت سے صاحب دل و صاحب عزیمت آج بھی علمی خدمت کے اس شعبہ کو زندہ رکھے ہوئے ہیں، یہ مجلہ ۲۱ سال سے شائع ہو